ظفر مسعود نے صدر/سی ای او
دی بینک آف پنجاب کا عہدہ سنبھال لیا

ظفر مسعود نے آج دی بینک آف پنجاب کا بطور صدر/سی ای او کی حیثیت سے عہدہ سنبھال لیا ہے۔انہیں حکومت پنجاب نے دی بینک آف پنجاب کا صدر/سی ای او مقرر کیا تھا۔

ظفر مسعود اپنے ساتھ بین الاقوامی بینکنگ اور انٹر پر ینیور کے طور پر 27 سال کا بھرپور اور متنوع تجربہ لے کر آئے ہیں۔انہوں نے پاکستان اور بیرون ملک کئی ملٹی نیشنل بینکوں میں کلیدی عہدوں پر کام کیا۔ان کے پاس بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سطح پر کام کرنے کا وسیع تجربہ ہے جس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی)، بارکلیز بینک جنوبی افریقہ اور نیشنل بینک آف پاکستان شامل ہیں۔اس سے قبل انہوں نے ڈائریکٹر جنرل،قومی بچت، وزارتِ خزانہ،حکومتِ پاکستان،سی ای او (عبوری) کیپٹل انفرا ضامن پاکستان اور بانی پارٹنر برج کیپٹل کے طور پر کام کیا ہے۔وہ دبئی اسلامی بینک،سٹی گروپ اور امریکن ایکسپریس بینک میں بھی اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔

ظفر مسعود نے آئی بی اے، کراچی سے ایم بی اے اور ہیلی کالج آف کامرس، پنجاب یونیورسٹی سے گریجوشن کی ڈگری حاصل کر رکھی ہیں۔